This question paper contains 4+1 printed pages]

*Your Roll No.......................*

258

**B.A. (PROGRAMME)/I** **J**

(Language Course)

URDU LANGUAGE—Paper I(C)

(Admissions of 2005 and onwards)

*Time* : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے: ۱۵

(الف)

روٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی ؟ اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے بھروسے جیتا ہوں۔ یعنی جس کا خط آیا، میں نے جانا کہ وہ شخص

P.T.O.

تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا، جو اطراف و جوانب سے دو چار خط نہیں آ رہتے ہوں۔ بلکہ ایسا بھی دن ہوتا ہے کہ دو دو بار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے۔ ایک دو صبح کو اور ایک شام کو میری دل لگی ہو جاتی ہے، دن ان کے پڑھنے اور جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔ یہ کیا سبب دس بارہ دن سے تمہارا خط نہیں آیا۔ یعنی تم نہیں آئے خط لکھو صاحب، نہ لکھنے کی وجہ لکھو۔

(ب)

ہاتھ پاؤں کی محنت اوقات بسر کرنے اور روٹی کما کر کھانے کے لئے نہایت ضروری ہے اور روٹی پیدا کرنا اور پیٹ بھرنا۔ ایک ایسی چیز ہے کہ بہ مجبوری اس کے لئے محنت کی جاتی ہے اور اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ

اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت کاموں میں روز لگے رہنا گویا ان کی طبیعت ثانی بن جاتی ہے مگر جن لوگوں کو ان باتوں کی حاجت نہیں ہے وہ اپنے دلی قوی کو بے کار چھوڑ کر بڑے کاہل اور بالکل حیوان صفت ہو جاتے ہیں۔

۲۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے: ۱۵

(الف)

پڑھ کے تیرا خط مرے دل کی عجب حالت ہوئی

اضطرابِ شوق نے اک حشر برپا کر دیا

اب نہیں دل کو کسی صورت کسی پہلو قرار
اس نگاہِ ناز نے کیا سحر ایسا کر دیا

تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال
دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارا کر دیا

(ب)

پھولوں کا گنج دل کش بھارت میں اک بنائیں
حب وطن کے پودے اس میں نئے لگائیں

اک اک گل میں پھونکیں روحِ شمیم وحدت
اک اک کلی کو دل کے دامن سے دیں ہوائیں

مرغان باغ بن کر اڑتے پھریں ہوا میں
نغمے ہوں روح افزا اور دل ربا صدائیں

چھائی ہوئی گھٹا ہو موسم طرب فزا ہو
جھونکے چلیں ہوا کے، اشجار لہلہائیں

۳۔ ذیل میں سے کسی **ایک** پر مختصر نوٹ لکھئے: ۱۵

(۱) میر امن دہلوی

(۲) ادب کسے کہتے ہیں

(۳) فرضی لطیفہ

۴۔ اپنے کالج کے پرنسپل کے نام فیس معاف کرانے کی درخواست لکھئے۔ ۱۵

۵۔ فعل کی تعریف لکھئے اور اس کی قسمیں بیان کیجئے۔ ۱۵